MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

عید غدیر

سوال : عیدِ غدیر کے دن کتنے اعمال روایات میں تذکرہ ہوئے ہیں ؟

جواب : 36 اعمال ۔

سوال : آقائے جواد ملکی تبریزیؒ نے عید غدیر اور ماہِ رمضان کے اعمال کیلئے کیا ارشاد فرمایا ہے ؟

جواب : عید غدیر کے فضائل ماہِ رمضان کے فضائل سے کہیں زیادہ ہیں ۔

سوال : عید غدیر کے اتنے فضائل کیوں ہیں اسکا جواب امام جعفرِ صادقؑ نے کیا دیا ہے؟

جواب : تاکہ ان اعمال سے غدیر کے دن کی بزرگی کو سمجھیں ۔

سوال : اگر ہم عید الفطر، عید الاضحیٰ، عرفہ اور مباہلہ کے تمام اعمال کو جمع کر لیں تب بھی کیا اُن کی تعداد عید غدیر سے زیادہ ہوتی ہے ؟

جواب : جی نہیں اِن دنوں کے تمام اعمال ملا کر بھی غدیر کے اعمال کے برابر نہیں ہیں۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

عید غدیر

سوال : اس دعا کا کیا ترجمہ ہے جو عید غدیر کے دن پیغمبرؐ اسلام نے ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے کی تاکید کی ہے ؟

جواب : تمام تعریفیں اس خدا کیلئے ہیں جس نے ولایتِ امیر المومنین علیؑ ابنِ ابی طالبؑ کے ذریعے اپنے دین کو کامل اور اپنی نعمتوں کو تمام کیا ۔

سوال : عید غدیر کے دن مومنین کی آپس میں ملاقات کا کیا ثواب ہے ؟

جواب : ۱...... خدا اس مومن کی قبر پر ۷۰ نور بھیجے گا ۔

۲...... اسکی قبر کو کشادہ کر دے گا ۔

۳...... روزانہ ۷۰ ہزار فرشتے اسکی قبر کی زیارت کریں گے اور اسے جنت کی خوشخبری سُنائیں گے۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

ISLAMINURDU.ORG URDU.DUAS.ORG

عید غدیر

سوال : عید غدیر کے دن مومنین کے ایک جگہ جمع ہونے کے بارے میں مولا علیؑ نے کیا ارشاد فرمایا ہے ؟

جواب : غدیر کے دن ایک جگہ جمع ہوا کرو تا کہ خدا تمہارے امور کو غیر منظّم (بکھرنے) ہونے سے محفوظ رکھے ۔

سوال : عید غدیر کے روز دیگر کونسے واقعات تاریخ میں پیش آئے ؟

جواب : ۱...... حضرت موسیٰؑ کا جادوگروں پر غلبہ ہوا ۔

۲...... حضرت ابراہیمؑ کے لئے آگ گلزار بنی ۔

۳...... حضرت شمعون کو حضرت عیسیٰؑ کا وصی بنایا گیا۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

عید غدیر

سوال : وہ کونسے معصومؑ تھے جنہوں نے عید غدیر کے روز لوگوں سے کہا تھا "مجھے مبارکباد دو، مجھے مبارکباد دو" ؟

جواب : رسولِ خداؐ ۔

سوال : عید غدیر کے دن مومنین ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر جو عہد و پیمان کرتے ہیں اس کو کیا کہتے ہیں ؟

جواب : عقدِ مؤاخات ۔

سوال : عید غدیر کے دن مومن کے رزق کے حوالے سے امام رضاؑ کا کیا ارشاد ہے؟

جواب : امام علی رضاؑ فرماتے ہیں کہ عید غدیر کے دن خدا اُس کے مال میں اضافہ کرتا ہے جو خدا کی عبادت کرے ۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim